© rasailojaraid.com

# نوجوان
# اِسلامی انقلاب کا ہراول دستہ

لیاقت بلوچ

نائب قیّم جماعتِ اسلامی پاکستان

میرے عظیم مجاہد اور تحریکی ساتھیو، بھائیو، اور میری انتہائی قابلِ احترام بہنو!

نوجوان ایک ایسا موضوع ہے جس کی بنیاد پر اس کے جذبات کے بارے میں مَیں کچھ عرض کروں گا ۔ نوجوان کسی بھی جماعت، کسی بھی تحریک، کسی بھی انقلاب کا ہراول دستہ ہوتے ہیں ۔ نوجوان تحریکوں کی رونق ہوتے ہیں اور تحریکوں کی سرگرمیوں میں جان بھی ڈالتے ہیں ۔

میرے بھائیو! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکّہ کے معاشرے میں ایک پسے ہوئے طبقے کے انسانوں کو دوسرے انسانوں کے ہاتھوں تباہ ہوتے دیکھا تو آپؐ نے ظلم کی چکی میں پسنے والے انسانوں کو بیداری کا پیغام دیا ۔ ان کی گردنوں کو انسانوں کی غلامی سے نکال کر ایک اللہ کی غلامی کا سبق دیا ۔ اس مرحلے پر بھی ان نوجوانوں نے جن کی تیرہ سال سے بیس سال تک کی عمریں تھیں، اپنے ذہن ، اپنے دماغ، اپنی قوّتوں اور صلاحیتوں کو دین کے حوالے کیا تو اس معاشرے میں انقلاب برپا ہو گیا ۔

میرے بھائیو! میں آپ سے یہی بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کا معاشرہ جس نے نوجوان کی زندگی کو تباہ کیا ہے، ان کو بے مقصد زندگی اختیار کرنے میں معاشرتی نظام کا بڑا گہرا دخل ہے اور آج کا نوجوان احساسِ محرومی کا شکار ہے ۔ لیکن ہمارے سامنے اسلامی جمعیت طلبہ کی مثال بھی ہے ، جو اُن طلبہ کی تحریک ہے جس نے ہزاروں، لاکھوں نوجوانوں کی زندگیوں کو بنایا، ملک کے ہزاروں نوجوانوں کو انہیں معاشرے کے نچلے طبقے میں سے اٹھا کر اس معاشرے میں عزّت کا مقام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دیا ۔

آج ہم دنیا کے حالات بھی دیکھیں ۔ ایک دور تھا جب کیمونزم، سوشلزم، اشتراکیت نوجوانوں کے لیے ایک سنہرے خواب کی حیثیت رکھتے تھے، لیکن کیمونزم آج خود اپنے مرکز کے اندر ناکام ہے ۔ آج خود ان کے اپنے معاشرے میں ناکام ہے۔اسی طرح مغرب کا معاشرہ جس نے انسانوں کی آزادی کے نام پر بے حیائی، بے غیرتی، بے حجابی پھیلائی اور پردے کو ختم کیا، آج اسی مغرب میں اس کا نوجوان، اس کا گھر، اس کا خاندان تباہ ہوچکا ہے اور اب اسی تباہی، اور اسی ناکامی کی وجہ سے آج عالمِ اسلام کا نوجوان اپنے اصل مقصد اسلام کی طرف لوٹ رہا ہے۔ یہ نوجوان اپنا مرکز ربِّ کعبہ کی طرف قائم کر رہا ہے ۔ یہ نوجوان آج اسی معاشرے سے بغاوت کر کے اپنے آپ کو ایک اللہ کی غلامی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور عشق کے حوالے کر رہا ہے ۔

میرے بھائیو! آج افغانستان میں دیکھیں اس کے محاذ، اس کے ٹریننگ سنٹر اور شہداء کے قافلے میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ ہے ۔ میں نے اپنی آنکھوں سے کابل دیکھا ہے، ایک محاذ میں ہم بھی گئے تھے ... رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں، لیکن انہی نوجوانوں نے اپنے مرکز کی اس وادی میں اللہ اکبر کی صدا بلند کی ۔ میرے بھائیو! آج کشمیر کو دیکھیں ، وہ مقبوضہ کشمیر جس پر بھارت ظلم ڈھا رہا ہے آج وہاں کا نوجوان آزادی کی جنگ لڑ رہا ہے ۔ انشاء اللہ افغانستان کے جہاد کی کامیابی کے بعد کشمیر آزاد ہوگا ۔ کشمیر کی آزادی کے راستے میں اب استعمار زیادہ رکاوٹ پیدا نہیں کرسکے گا اور نہ ہی زیادہ مقابلہ کرسکے گا ۔

میرے بھائیو! فلسطین کے اندر دینِ اسلام کی بنیاد پر نوجوان بیدار ہوچکا ہے اور مسلم دنیا میں نوجوان بیداری کے راستے پر ہیں ۔ پاکستان میں نوجوانوں کو ایک منظم انداز میں حوصلہ دینے کی ضرورت ہے ۔ جماعتِ اسلامی جس نے جوانوں کو موقع فراہم کیا ہے، جس نے اپنی قیادت، اپنی صفوں میں جوانوں کو مواقع فراہم کیے ۔ سیّد مودودی رحمۃ اللہ علیہ جن کی فکر نے نوجوانوں کی زندگیوں کو بدلا ہے، وہ بھی جوان تھے ان کی عمر سترہ سال کی تھی جب انھوں نے اس جہاد کا آغاز کیا تھا ۔ میرے بھائیو! آج جماعتِ اسلامی کی قیادت کو دیکھیے جماعت نے اس نوجوان قیادت پر اعتماد کر کے ان کو اس میدان میں کام کا موقع فراہم کیا ہے ۔

میرے بھائیو! دینِ اسلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ہی ہماری زندگیوں کو تبدیل کرسکتا ہے، مسلسل جدوجہد کے لیے اس نظریے کی ضرورت ہے اور وہ دینِ اسلام ہمیں مہیا کرتا ہے ۔ میرے نوجوان بھائیو! دنیا کی آسائشیں آپ کی ہیں، جنّت آپ کی منتظر ہے ۔ وہ جنّت اسی کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

استقبال کرتی ہے جو اللہ کے راستے میں اپنی جوانی، قوّتوں، اپنی صلاحیتوں کو صرف کرتا ہے ۔ آپ میں اس راہ میں اپنا سب کچھ قربان کرنے کا جذبہ ہونا چاہیے اور اللہ کے دین کا علم بلند کرتے ہوئے تمام نوجوانوں کو اپنا ہم سفر بنائیں تاکہ پڑھا لکھا نوجوان اور گلیوں اور بازاروں کا جوان بھی اپنے اس حقیقی مقصد کو پہچانے ۔

میرے بھائیو! میرے دوستو! میں اپنی گفتگو کو اس مختصر وقت میں سمیٹتے ہوئے صرف یہی کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارا ایمان ہے کہ انشاء اللہ یہی نوجوان اسلامی انقلاب کا ہراول دستہ بنیں گے ۔ انشاء اللہ وہ نوجوان جن کی فہم، جن کی عقل، جن کی زندگی، جنکی جوانی اللہ کے دین کے تابع ہوگی وہی اس راستے میں نشانِ منزل بن سکتے ہیں۔

میرے بھائیو! آج دنیا میں استعماری طاقتیں انسانوں کو اپنی طاقت اور اپنی قوّت کی غلامی میں لینے کے لیے کوشاں ہیں ، لیکن دنیا جانتی ہے کہ ایران جس پر کسی بڑی طاقت کو بڑا اعتماد تھا، لیکن جب ایران کا نوجوان اٹھا تو امریکہ رسوا ہو گیا، افغانستان میں نوجوان اٹھا ہے تو روس رسوا ہوا ہے اور ہم تو اس وقت تمام بڑی قوّتوں کے نرغے میں ہیں ۔ اب اس کے ساتھ جو ہمارا دشمن ہے جس نے ہمیں کبھی تسلیم نہیں کیا اس نے اپنے سرمائے اور اپنے مقاصد کے لیے اس ملک کے ایک حصے کو بنگلہ دیش بنا دیا ، اب پھر وہ پاکستان کے ٹکڑے کرنا چاہتا ہے، لیکن ہم اسے ایسا نہیں کرنے دیں گے ۔ انشاء اللہ پاکستان کے بیدار جوان روس کو امریکہ کو اور بھارت کو بھی اپنی گلیوں بازاروں، چوراہوں، دیہاتوں میں سے بھگائیں گے اور نوجوان اس ملک کے اسلامی انقلاب کے لیے اپنے منصب، اپنی ذمہ داری کو جانتا ہے۔

انشاء اللہ جماعتِ اسلامی کا یہ اجتماع جو دنیا کے لوگوں کو، دین سے محبت کرنے والوں کو بیدار اور انہیں منظم کرنے کے لیے رکھا گیا ، تاریخ میں، مستقبل میں اسلامی انقلاب کا سنگِ میل ثابت ہوگا انشاء اللہ ۔

وما علینا الا البلاغ

© rasailojaraid.com